ilmkidunya

Home-Economics - 9th Class Home Economics Urdu Medium Short Question Preparations

Q1. نوزائیدہ بچہ کب روتا ہے ؟

Ans 1: تمام نوزائیدہ بچے روتے ہیں. رونا ہی ان کا واحد ذریعہ اظہار ہے. نوزائیدہ اپنی ضروریات کے لیے روتا ہے جب اسے بھوک یا پیاس لگی ہو، غیر آرام دو حالت یا درد و تکلیف میں ہو ، اندھیرے سے خوف محسوس کرے یا تنہائی کا احساس کرے . پیٹ میں گیس کی وجہ سے یا اونچی آواز سے بھی بچے ڈرجاتے ہیں.

Q2. وٹامن اے کیسے حاصل ہوتا ہے ؟

Ans 1: حیواناتی ذرائع : یہ مچھلی کے جگر، جانوروں کے جگر، گردوں ، انڈے کی زردی ، دودھ ، مکھن اور زرد ترکاریوں سے حاصل ہوتا ہے . نباتاتی ذرائع : ان میں یہ کیروٹین مادے کی صورت میں پایا جاتا ہے جو جسم میں جاکر وٹامن اے میں تبدیل ہوجاتا ہے.

Q3. نشونما کی تعریف کریں.

Ans 1: نشو نما دو الفاظ نشو اور نمو کا مجموعہ ہے جس کو کبھی بھی جدا نہیں کیا جاسکتا. نشو : کی اصطلاح افعال کی تبدیلی سے متعلق ہوتی ہے. یہ انسانی جسم کی ایسی تبدیلیاں ہیں جن کے کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے. نمو: کی اصطلاح روایتی طور پر جسمانی اور عضویاتی تبدیلیوں سے متعلق ہے . جو عمر کے مختلف ادوار میں رونما ہوتی ہے اور زندگی کے ابتدائی سالوں سے نوبلوغت کے دور تک ظہور پزیر ہوتی ہے.

Q4. رویوں کے مسائل سے کیامراد ہے؟

Ans 1: بچوں کی نارمل جذباتی نشونما کے لیے محبت اور شفقت بہت ضروری ہے.جو بچے محبت شفقت سے محروم ہوتا ہے وہ جذباتی طور پر ایک خوفزدہ بچہ ہوتا ہے.اس کی انا اور تصور ذات نامکمل رہتے ہیں اور وہ معاشرتی ماحول و تعلقات سے بھی مطابقت قائم کرنے میں ناکام رہ جاتا ہے.اس وجہ سے بچوں میں کئی مسائل پیدا ہو جاتے ہیں.

Q5. بچوں کی غلط اور بری حرکات پر والدین کو کیا کرنا چاہئیے؟

Ans 1: بچوں کی غلط اور بری حرکات پر والدین کو ناراضگی اور خفگی کا اظہار کرنا چاہئیے.انہیں احساس دلائیں کہ ان کی عادات درست نہیں.اگر گھر کے دوسرے بچے اچھا رویہ اختیار کرتے ہیں توان کی تعریف اور حوصلہ افزائی کریں بچہ تعریف اور ناراضگی میں امتیا ز کر سکیں.ناراضگی کا اظہار بچے سے کچھ دیر بات نہ کر کے کیا جاسکتا ہے.

Q6. نوزائیدگی کے دور میں حسیات سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: حسیات کے نام درج ذیل ہیں. 1. دیکھنے کی حس 2. سننے کی حس 3. سونگھنے کی حس 4. چھونے کی حس.

Q7. بچوں میں کیسا خوف پایا جاتا ہے؟

Ans 1: بچوں میں دو قسم کا خوف پایا جاتا ہے. 1.پہلی قسم کا خوف کسی حقیقی خطرے سے محسوس کیا جاتا ہے اور خوف کا یہ جذبہ کسی حد تک فائدہ مند بھی ثابت ہوتا ہے.کیونکہ یہ خطرے سے محفوظ رکھتا ہے. 2.دوسری قسم کا خوف ذہنی،تخیلاتی اور نفسیاتی ہوتا ہے.اگر اس خوف پر قابو نہ پایا جائے تو آئندہ زندگی پر اثرانداز ہوتا ہے.بچہ اکثر ایسی چیزوں سے خوف کھانے لگتا ہے جن سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہوتی.جیسے سائے سے ڈرنا،کمرے میں بند ہوجانے سے ڈرنا.

Q8. غذائی گروہ کسے کہتے ہیں؟

Ans 1: ایک صحت مند انسانی جسم کے لیے متوازن غذا اہم ہے. جس میں تمام غذائی اجزاء صیح تناسب میں موجود ہوتے ہیں.یہ جانچنے اور پرکھنے کے لیے ماہرین غذائیت نے ذرائع کے لحاظ سے اشیائے خوردنی کو پانچ بنیادی گروہوں میں تقسیم کردیا ہے. جنہیں غذائی گروہ کہتے ہیں.

Q9. چکنائی کی زیادتی کے دو اثرات لکھیں.

Ans 1: 1. جسم موٹا اور بھدا ہوجاتا ہے اور موٹاپے کی بیماری ہوجاتی ہے جو خود کئی بیماریوں کا پیش خیمہ ہوتی ہے . 2. بلڈ پریشر ، فالج ، دل کی بیماری اور جوڑوں کا درد جیسے مہلک امراض لاحق ہوجاتے ہیں.

Q10. ہوم اکنامکس کی تریف کریں.

Ans 1: ہوم اکنامکس کے معنی "گھریلومعاشیات" ہیں. یہ بہت وسیع مضمون ہے اور اس کا تعلق گھر کے تمام معاملات اور کام کاج سے ہے. گھریلوامور میں کھانا پکانا، لباس کی تیاری، بچوں کی دیکھ بھال، گھر کی صفائی اور معاشی انتظام شامل ہیں.